تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 23 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سالانہ فیسٹول کریسنٹیا دوہزار چوبیس کا آغاز

فیکلٹی آف انجینئر نگ کا سالا لہ ثقافتی، کھیل اور تکنیکی فیسٹول کا آغاز یونیورسٹی کے ایم اے کے پٹودی اسپورٹ کمپلیکس یں طلبا اور فیکلٹی اراکین (مردوخواتین) کی اتھلیٹکس سرگرمیوں سے ہوا۔

فیسٹول کا نام کریسنٹیا رکھا گیا ہے جس کا مطلب ترقی وخوشحالی ہے، اس سے فیکلٹی آف انجیز نگ کی ہمہ جہت اور جامع ترقی وخوشحالی مراد ہے۔ پروفیسر اقبال حسین کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مردوں کے دوسو میٹر کی دوڑ کو جھنڈی دکھا کر اس کا افتتاح کیا۔ اس سے پیش تر اپنی افتتاحی تقریر میں انھوں نے طلبا کو ان کے جوش وخروش کے لیے مبارک باد دی اور کمرہ جماعت کی آموزش سے ہٹ کر کھیل کود اور ہم نصابی سرگرمیوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور انھیں آگے ہونے پروگراموں کے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پروفیسر منی تھامس، ڈین فیکلٹی آف انجیز نگ نے مہمانوں اور شرکا کا خیر مقدم کیا اور اس طرح کی سرگرمیوں کی اہمیت کا اجمالی تذکرہ کیا۔ قومی تعلیمی پالیسی دوہزار بیس نصابی وہم نصابی دائروں می ہر طالب علم کی منفرد صلاحیت کے فروغ، شناخت اور اعتراف کو تسلیم کرتی ہے؛ ان میں کوئی سخت تفریق نہیں کی جاتی، سائنسز، سوشل سائنسز، آرٹس، ہیومنٹیز اور کھیل کود میں بین علومی دنیا کے لیے بین علومی اور جامع تعلیم کا منصوبہ رکھتی ہے۔ اسی لیے طالب کی ہمہ جہت ترقی اور اس کے فروغ کے لیے یہ ضروری سرگرمیاں ہیں۔ اتھلیٹکس کے صبح کے سیشن میں مردوں کی سومیٹر کی دوڑ میں محمد اویس عادل (الکیٹرانکس) نے پہلا مقام حاصل کیا ،محمد فردین (الیٹریکل) دوسرے مقام پر آئے اور محمد رضوان خان (میکانیکل) نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

طلبا کے شان دار مقابلے کے بعد، ایف ای ٹی کی طالبات ایتھلیٹ نے سومیٹر کی دوڑ کے لیے آئیں، فضا جمال (میکانیکل) اول پوزیشن حاصل کی لائبہ حسن (الیکٹرانکس) نے دوسری اور منشا خورشید (الیکٹریکل) تیسرے مقام پر آئیں۔

خواتین فیکلٹی اراکین نے بھی سومیٹر کی دوڑ میں اپنا دم خم دکھایا، ڈاکٹر منی سنگھ (ماحولیاتی سائنس) نے پہلی پوزیشن حاصل کی، ڈاکٹر شبانہ محفوظ (الیکٹریکل) نے دوسرے مقام پر آئیں اور ڈاکٹر زینت شریف (الیکٹرانکس) تیسرے مقام پر آئیں۔

کریسنٹیا دو ہزار چوبیس کے دوران جو کھیل کود کے مقابلے ہوتے ہیں ان میں اتھلیٹکس ، بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، فٹ بال اور کرکٹ شامل ہیں۔کھیل کود مقابلوں میں پانچ سو اڑتیس طلبا اور تیس فیکلٹی اراکین نے رجسٹریشن کرایا تھا۔ثقافتی پروگراموں میں جامعہ کے بارہ سو طلبا نے شرکت کے لیے رجسٹر کرایا تھا۔

فیسٹول میں شاعری، کراس ورڈ، پینٹنگ، رنگولی، گلی کرکٹ، ڈمب شریڈ، خطابت، رسہ کشی وغیرہ کے مقابلے ہوں گے۔تکنیکی مقابلے اور پروگرام فیکلٹی کی مختلف تکنیکی سوسائٹیاں ایس اے ای، اے سی ایس ای، جی ڈی ایس سی اور آئی ای ای ای منعقد کرائیں گی۔تکنیکی پروگراموں میں ڈیزائن مقابلے، تکنیکی اشتہار پیش کش، سرکٹ ڈی بگ چیلنج وغیرہ منعقد کیے جائیں گے۔

کھیل کود کے مقابلے پچیس فروری تک چلیں گے اس کے بعد کلچرل اور تکنیکی فیسٹول انتیس فروری دو ہزار چوبیس سے یک تین مارچ دو ہزار چوبیس تک منعقد ہوں گے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی